PAKISTAN CABLES

TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

# نوٹس برائے ۶۹ واں سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہٰذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا ۶۹ واں سالانہ اجلاس عام ۲۸ ستمبر ۲۰۲۲ء بروز بدھ، بیچ لگژری ہوٹل، ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں بوقت 10:00 بجے صبح مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا۔

۱۔ **عمومی امور**

i۔ ۲۴ ستمبر ۲۰۲۱ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی روئیداد کی توثیق کرنا۔

ii۔ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ہمراہ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو اختتام پذیر سال کی کمپنی کی سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کو وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور اپنانا۔

iii۔ سابقہ ۲۵ فیصد جاری کردہ اور ادا شدہ عبوری نقد منافع منقسمہ کے علاوہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق ۶.۵۰ روپے فی حصص یعنی ۶۵ فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ کو زیر غور لانا اور منظور کرنا۔ لہٰذا ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو اختتام پذیر مالیاتی سال کے لئے کل نقد منافع منقسمہ ۹۰ فیصد ہو گیا ہے۔

iv۔ آئندہ برس کے لئے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو اختتام پذیر سال کیلئے ان کا مشاہیرہ طے کرنا۔ KPMG تاثیر، ہادی اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو چکے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کی بنیاد پر، آئندہ برس کے لئے اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی کی بطور آڈیٹر تقرری کی سفارش کرتا ہے۔

۲۔ **خصوصی امور**

v۔ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو اختتام پذیر سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق بونس شیئرز کا اجراء بحساب ۱۵ فیصد (ہر ۱۰۰ شیئرز رکھنے پر ۱۵ بونس شیئرز کی ادائیگی) پر غور و خوص اور منظوری۔

مندرجہ بالا پر عمل درآمد کرنے کیلئے اگر ضروری سمجھا گیا تو کسی ترمیم یا بغیر کسی ترمیم کیلئے مندرجہ ذیل کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا:

طے پایا کہ ''بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو اختتام پذیر سال کیلئے بحساب ۱۵ فیصد بونس شیئرز کے اجراء پر غور اور اسے منظور کیا جائے۔''

مزید طے پایا کہ ''شیئر ٹرانسفر بکس ۲۱ ستمبر ۲۰۲۲ء سے ۲۸ ستمبر ۲۰۲۲ء تک (بشمول دونوں ایام) ۱۵ فیصد بونس شیئرز کے حقدار افراد کے ناموں کے تعین کیلئے بند رہیں گی۔''

مزید طے پایا کہ ''چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری انفرادی طور پر کوئی بھی اور تمام کارروائیاں کرنے کے مجاز ہیں جو مذکورہ بالا بونس حصص کی الاٹمنٹ کی ادائیگی کیلئے موزوں سمجھی جائیں۔''

۳۔ **دیگر امور**

چیئر کی اجازت سے سالانہ اجلاس عام میں قانونی طور پر زیر بحث لائے جان والے دیگر عمومی امور کو زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ

**نتاشا محمد**

قانونی امور کی سربراہ اور کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۱۲ اگست ۲۰۲۲ء

**نوٹس:**

۱۔ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۱ ستمبر ۲۰۲۲ء سے ۲۸ ستمبر ۲۰۲۲ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ اس دورانیہ میں کسی بھی قسم کے ٹرانسفرز کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۰ ستمبر ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کار ختم ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی-75500 کو موصول ہونے والے باقاعدہ ٹرانسفرز منتقل الیہ کو حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کی غرض سے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

۲۔ اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے ایک پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کو کمپنی کا رکن ہونا چاہئے۔

۳۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز اور مختار نامہ یا زیر دستخطی دیگر اتھارٹی یا نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے بمقام B-21 سائٹ، کراچی پر اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل جمع کرائے جائیں۔

۴۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مؤرخہ 26 جنوری 2000 کے مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات پر عمل کریں گے۔

A۔ **اجلاس میں شرکت کیلئے:**

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصلی پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

(ii) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمع نمونہ کے دستخط اور نامزدگی کے مؤثر CNIC کی مصدقہ نقل اجلاس میں شرکت کے وقت پیش (اگر یہ پہلے پیش نہ کی گئی ہو) کرنا ہوگی۔

B۔ **پراکسیز کی تقرری کیلئے:**

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں، مذکورہ بالا معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

(ii) دو افراد پراکسی فارم کی شہادت دیں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر ظاہر کئے جائیں گے۔

(iii) بینیفشل اونرز اور پراکسی کے پاسپورٹ یا CNIC کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائیں گی۔

(iv) اجلاس کے موقع پر پراکسی اپنا اصلی CNIC یا اصلی پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔

(v) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمع نمونہ کے دستخط اور کاروباری ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ کرنے والے نامزد شخص کے مؤثر CNIC کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروانی ہوگی۔

۵۔ **NTN / CNIC جمع کرانا (لازمی):**

ایسے اراکین جنہوں نے کمپنی/ شیئر رجسٹرار کو اپنے مؤثر شناختی کارڈ کی نقل ابھی تک جمع نہیں کروائی ہے، کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ پہلی فرصت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کو ارسال کردیں۔ کاروباری اداروں کو درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ برائے مہربانی CNIC کی نقل/ NTN تفصیلات کے ہمراہ اپنا فولیو نمبر فراہم کریں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مؤرخہ 18 اگست 2011 کے مراسلہ نمبر SRO799(I) اور مؤرخہ 5 جولائی 2012 کے مراسلہ نمبر SRO831(I)2012 کے تحت ایک حوالہ بھیجا گیا جس کے تحت منافع منقسمہ کی اطلاع میں رجسٹرڈ رکن یا مجاز فرد کا CNIC نمبر موجود ہونا چاہئے ماسوائے کم سن افراد اور کارپوریٹ اراکین کے۔ مؤثر CNIC کی نقل وصول نہ ہونے کی صورت میں SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل میں حصص داران کو منافع منقسمہ منتقل نہیں کیا جائے گا۔

۶۔ **ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی بطور فائلر/ نان فائلر:**

بذریعہ فنانس ایکٹ 2022 حکومت پاکستان نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں خصوصی ترامیم کی ہیں جس کے تحت کمپنیز کی جانب سے ادا شدہ منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی مختلف شرحیں بیان کی گئی ہیں۔ محصولات کی شرح حسب ذیل ہے:

a۔ انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلر کے لئے ٹیکس کٹوتی کی شرح: ۱۵ فیصد

b۔ انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان فائلر کے لئے ٹیکس کٹوتی کی شرح: ۳۰ فیصد

تمام حصص داران جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فائلر ہونے کے باوجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے وہ بک بند ہونے کی تاریخ سے قبل ATL میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں بصورت دیگر نقد منافع منقسمہ پر ۱۵٪ فیصد کی بجائے ۳۰٪ فیصد ٹیکس کٹوتی ہوگی۔

۷۔ **ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ:**

آرڈیننس کے دوسرے جدول کے حصہ چہارم کی شق 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے دعوے کے لئے آرڈیننس کے سیکشن 159 کے تحت مؤثر استثنیٰ سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ ایسے افراد جو مذکورہ بالا شق کے زمرے میں آتے ہیں انہیں شیئر رجسٹرار کو ٹیکس سے استثنیٰ کا مؤثر سرٹیفکیٹ جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر آرڈیننس کے سیکشن 150 میں بیان کردہ ٹیکس شرح کے تحت منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی ہوگی۔

۸۔ **مشترکہ شیئر ہولڈنگ پر ٹیکس:**

FBR کی جانب سے جاری کردہ وضاحت کے تحت شریک حصص داران کے لئے، پرنسپل حصہ دار اور جوائنٹ حصص داران کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ''فائلر/ نان فائلر'' کی حیثیت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا علیحدہ علیحدہ تعین کیا جائے گا۔ لہٰذا تمام شریک حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ حصص کی مد میں پرنسپل حصہ دار اور جوائنٹ حصص داران کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی تفصیلات سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کو مندرجہ ذیل طریقے سے تحریری طور پر آگاہ کریں۔ بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز مساوی تعداد میں حصص رکھتے ہیں۔

| فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل حصہ دار | | جوائنٹ حصص داران | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

۹۔ **پتہ میں تبدیلی کی اطلاع اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا حلف نامہ (CZ-50):**

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی، زکوٰۃ اعلامیہ اور ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ (اگر موجود ہے) سے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کو فوری آگاہ کریں۔ مزید یاد رہے کہ زکوٰۃ اور عشر قوانین کے تحت حصص کی ادا شدہ قیمت کے ۲.۵ فیصد کی شرح سے منافع منقسمہ سے زکوٰۃ کی کٹوتی ہوگی اور متعلقہ اتھارٹی کو مخصوص مدت میں جمع کرائی جائے گی۔ اگر آپ استثنیٰ کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے بروکر/ CDC / کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 اور زکوٰۃ (کٹوتی اور واپسی) قواعد 1981 کے تحت اپنا زکوٰۃ ڈیکلیریشن فارم CZ-50 جمع کرائیں۔

۱۰۔ **سالانہ رپورٹ کی برقی منتقلی:**

SECP نے مؤرخہ 31 مئی، 2016 کے مراسلہ نمبر SRO 470(1)/2016 کے ذریعے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے حصص داران کو ان کے رجسٹرڈ پتہ پر بذریعہ CD/DVD/USB اپنے سالانہ کھاتے کی ترسیل کریں۔ تاہم، کوئی بھی حصہ دار کمپنی سیکریٹری کو سالانہ کھاتوں کی مفت پرنٹ شدہ نقل کی فراہمی کی درخواست کرسکتا ہے۔

اراکین کو مزید آگاہ کیا جاتا ہے کہ کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی برقی ترسیل کی مد میں SECP کے مؤرخہ 8 ستمبر 2014 کے مراسلہ نمبر SRO787(1)/2014 کی تعمیل میں ہم نے کمپنی کی ویب سائٹ پر https://www.pakistancables.com/media/21212/electronic-transmissi on-ar-urdu.pdf درخواست فارم فراہم کردیا ہے۔ ایسے اراکین جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو درخواست کی جاتی ہے وہ اپنے باضابطہ پُر شدہ درخواست فارم ہمارے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کو جمع کرائیں۔

۱۱۔ **منافع منقسمہ کی برقی ترسیل:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی ضروریات کے تحت نقد منافع منقسمہ اہل حصص داران کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ برقی طریقہ کار ہی ادا کیا جائے گا۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے منافع منقسمہ کی منتقلی کیلئے مقرر کئے گئے اکاؤنٹ کی تفصیلات بمع اپنے فولیو نمبر، نام، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بشمول بینک اور برانچ کا نام، برانچ کوڈ، اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ ٹائٹل اور IBAN فراہم کریں۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر https://www.pakistancables.com/media/21207/update-of-iban-no-for-e-dividend-urdu.pdf ایک معیاری فارم بھی اپ لوڈ کردیا گیا ہے۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ یہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کو اور/ یا اپنے بروکر/ شراکت دار/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کردی گئی ہیں ناکامی کی صورت میں کمپنی آپ کے منافع منقسمہ کی ادائیگی پر عمل درآمد نہ کرسکے گی۔

۱۲۔ **فزیکل شیئرز کی بک انٹری کی شکل میں منتقلی:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ، 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی شرائط کی پابندی کی ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شکل میں جاری کردہ شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں۔ ایک لسٹڈ کمپنی کے طور پر پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کیلئے بھی مذکورہ بالا ایکٹ کی شرائط کی پابندی ہے۔ لہٰذا فزیکل فولیوز/ شیئرز سرٹیفکیٹس رکھنے والے پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے حصص داران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری کی شکل میں منتقل کروائیں۔ حصص داران CDC اکاؤنٹ کھلوانے اور بعدازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروانے میں مدد کیلئے اپنے بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹیسپینٹ یا CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ یہ عمل حصص داران کیلئے کئی لحاظ سے فائدہ مند ہوگا جس میں شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز گم نہ ہونا، متبادل شیئرز کے اجرا کے تقاضوں سے بچنا اور اوپن مارکیٹ میں بہتر قیمت پر خرید و فروخت کیلئے شیئرز کا فوری دستیاب ہونا شامل ہے۔ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے فزیکل شیئرز والے حصص داران اپنے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروانے کے لئے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔